حیسکو پریس ریلیز مورخہ :23.10.2026



35 سال بعد حیسکو نے ایک اور اہم اقدام اٹھاتے ہوئے ڈیجیٹلائزیشن کی مدد سے آپریشن سرکل میرپور خاص کے ڈھائی لاکھ صارفین کے بلوں کی پرنٹنگ علیحدہ کرنے کے نظام کا افتتاح کر دیا اب دور دراز علاقوں کے صارفین کو بجلی کے بل بروقت پہنچیں گے تا کہ وہ مقررہ تاریخ تک اپنے بجلی کے بل ادا کر سکیں۔چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری

ہماری ہر ممکن کوشش ہے کہ ڈجیٹل سسٹم کی مدد سے اپنے بجلی صارفین کو بلنگ کی بہتر سروس دیں 1990ء میں حیسکو کے کمپیوٹر سینٹرز حیدر آباد، سکھر اور لاڑکانہ میں قائم کیے گئے، بعد ازاں نواب شاہ میں بھی کمپیوٹر سینٹر قائم ہوا۔آج 35 سال بعد میرپور خاص سرکل کے بجلی صارفین کو کمپیوٹر سینٹر الگ کر کے سہولت دی گئی ہے۔ڈی جی ایم آئی ایس نادر علی خشک

حیسکو ریجن کے 12 لاکھ سے زائد صارفین ہیں ان کو بروقت بجلی کے بل دینا ہماری اولین ترجیح ہے آج آپریشن سرکل میرپور خاص کے صارفین کو یہ الگ سہولت دی ہے۔حیسکو چیف کمرشل آفیسرز کی مختار میرپور خاص کے دور دراز علاقوں بلخصوص عمرکوٹ، مٹھی اور تھرپارکر کے صارفین کی شکایات موصول ہوتی تھیں کہ انہیں بجلی کے بل دیر سے ملتے اب امید ہے کہ ان کو بجلی کے بل بروقت مل جائیں گے اور مقررہ تاریخ سے پہلے با آسانی ادا کر سکیں گے۔انچارج ایف سی سی میڈم عمبر شاہ

آج جو افتتاح ہوا ہے ہم شکریہ ادا کرتے ہیں چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری، چیف کمرشل آفیسرز کی مختار، ڈی جی ایم آئی ایس نادر علی خشک جنہوں نے میرپور خاص سرکل کے صارفین کو یہ سہولت دی اس میرپور خاص سرکل کے صارفین کو بجلی کے بل بروقت ملیں گے اور مقرر تاریخ تک ادا کر سکیں گے۔ایس آپریشن سرکل میرپور خاص فرمان علی ڈاہانی

حیدر آباد (پ ر) حیسکو کے ترجمان کے مطابق حیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے آج میرپور خاص سرکل کی بلنگ اور بلوں کی پرنٹنگ کے علیحدہ نظام کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ حیسکو کا ''روشنیوں کا سفر'' صرف زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈرز تک محدود نہیں بلکہ اس کے مختلف مراحل میں صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کرنا، بجلی کے بل بروقت پہنچانا اور ادارے کے نظام کو مزید مؤثر بنانا بھی شامل ہے۔اسی سلسلے میں آج ایک اہم سنگ میل حاصل کیا گیا ہے، جس کے تحت تقریباً 35 سال بعد پہلی مرتبہ میرپور خاص سرکل کی بلنگ اور بلوں کی پرنٹنگ کے پورے عمل کو علیحدہ اور خودمختار کر دیا گیا ہے، میرپور خاص سرکل میں بلنگ اور پرنٹنگ کے علیحدہ نظام کے افتتاح کے موقع پر کہا کہ اس سے قبل حیدر آباد، میرپور خاص اور لاڑکانہ سرکلز کی بل پرنٹنگ کا عمل ایک دوسرے سے منسلک تھا، اگر کسی ایک علاقے کے چند بلوں کا ڈیٹا اپ ڈیٹ نہ ہوتا تو متعلقہ پیج کی پرنٹنگ شروع ہونے میں تاخیر ہو جاتی، جس سے بلوں کی بروقت ترسیل متاثر ہوتی تھی، میرپور خاص سرکل کی بلنگ اور پرنٹنگ کو علیحدہ کرنے سے اب اس سرکل کے بلوں کی تیاری اور پرنٹنگ آزادانہ طور پر ہو سکے گی، اس اقدام سے میرپور خاص کے ڈھائی لاکھ سے زائد صارفین کو فائدہ پہنچے گا اور انہیں بجلی کے بل پہلے کی نسبت کم از کم تین دن پہلے موصول ہونے کی توقع ہے، جبکہ بعض صورتوں میں اس سے زیادہ وقت کی بچت بھی ممکن ہوگی، اس طرح صارفین کو بلوں کی ادائیگی کے لیے اضافی مہلت میسر آئے گی، اس کامیابی پر چیف کمرشل آفیسرز کی مختار، ڈی جی ایم آئی ایس نادر علی خشک، سی سی ایم ایس کی سربراہ عنبر شاہ، سپرنٹنڈنگ انجینئر میرپور خاص اور ان کی تمام ٹیموں کو مبارکباد دیتے ہوئے خراجِ تحسین پیش کیا، انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی مشترکہ کوششوں، باہمی تعاون اور مؤثر ٹیم ورک کا نتیجہ ہے، جو طویل عرصے سے جاری کام کے بعد آج عملی شکل اختیار کر گیا ہے، حیسکو انتظامیہ صارفین کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے ''روشنیوں کے سفر'' کے تحت زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈرز کے قیام کے ساتھ ساتھ بلنگ، انتظامی امور اور سروس ڈیلیوری میں بھی بہتری لائی جا رہی ہے، ان اقدامات کا بنیادی مقصد صارفین کو سہولت فراہم کرنا، ادارے کی کارکردگی بہتر بنانا اور بجلی کی فراہمی و بلنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنانا ہے حیسکو مستقبل میں بھی ایسے مزید اقدامات کرے گا، جن سے صارفین کو ریلیف ملے گا اور ادارہ ترقی و بہتری کی نئی منازل طے کرے گا۔ اس موقع پر ڈی جی ایم آئی ایس نادر علی خشک نے کہا کہ ہماری ہر ممکن کوشش ہے کہ ڈجیٹل سسٹم کی مدد سے اپنے بجلی صارفین کو بلنگ کی بہتر سروس دیں 1990ء میں حیسکو کے کمپیوٹر سینٹرز حیدر آباد، سکھر اور لاڑکانہ میں قائم کیے گئے، بعد ازاں نواب شاہ میں بھی کمپیوٹر سینٹر قائم ہوا۔آج 35 سال بعد میرپور خاص سرکل کے بجلی صارفین کو کمپیوٹر سینٹر الگ کر کے سہولت دی گئی ہے۔اس موقع پر حیسکو چیف کمرشل آفیسرز کی مختار نے کہا کہ حیسکو ریجن کے 12 لاکھ سے زائد صارفین ہیں ان کو بروقت بجلی کے بل دینا ہماری اولین ترجیح ہے آج آپریشن سرکل میرپور خاص کے صارفین کو یہ الگ سہولت دی ہے، اس موقع پر انچارج ایف سی سی میڈم عمبر شاہ نے کہا کہ میرپور خاص کے دور دراز علاقوں بلخصوص عمرکوٹ، مٹھی اور تھرپارکر کے صارفین کی شکایات موصول ہوتی تھیں کہ انہیں بجلی کے بل دیر سے ملتے اب امید ہے کہ ان کو بجلی کے بل بروقت مل جائیں گے اور مقررہ تاریخ سے پہلے با آسانی ادا کر سکیں گے۔اس موقع پر ایس آپریشن سرکل میرپور خاص فرمان علی ڈاہانی نے کہا کہ آج جو افتتاح ہوا ہے ہم شکریہ ادا کرتے ہیں چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری، چیف کمرشل آفیسرز کی مختار، ڈی جی ایم آئی ایس نادر علی خشک جنہوں نے میرپور خاص سرکل کے صارفین کو یہ سہولت دی اس میرپور خاص سرکل کے صارفین کو بجلی کے بل بروقت ملیں گے اور مقرر تاریخ تک ادا کر سکیں گے۔۔اس موقع پر ڈی جی ایم آئی ایس نادر علی خشک، چیف کمرشل آفیسرز کی مختار، ایس ای آپریشن سرکل میرپور خاص فرمان علی ڈاہانی، ڈپٹی ڈائریکٹر ایف ایف سی سیل میڈم عمبر شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر (پی ایس اے) محمود احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) محمد صادق کبرو دیگر افسران اور اسٹاف موجود تھے۔



حیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری میرپور خاص سرکل کی بلنگ اور بلوں کی پرنٹنگ کے علیحدہ نظام کا باقاعدہ افتتاح کرتے ہوئے